کتابوں کی ضرورت ہے ہمارے اساتذہ کو سائنسی و فنی درسی اور غیر درسی کتب میں بلکہ درس و تدریس کے دوران میں بھی اسلامی نقطۂ نظر اختیار کرنا چاہیے۔ (ش- ح- چ)

تعارف کتب

◉ آدابِ شاگردی، صالح بن محمد الاسمری، ترجمہ: عبدالحمید اطہر ندوی۔ ناشر: مکتبہ المصباح، 1-اے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔ فون: ۳۷۵۸۶۸۴۶-۰۴۲۔ صفحات: ۷۰۔ قیمت: درج نہیں۔[اسلامی تہذیب وثقافت کی روشنی میں استاد اور شاگرد کے تعلق کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ عربی کتاب ادب التتلمذ کا ترجمہ ہے۔ ۲۰ آداب کی تفہیم کے لیے صحابہ، تابعین اور علماے کرام کے اقوال بھی درج ہیں۔]

◉ جیسا کرو گے...... ویسا بھرو گے، مؤلف: قاری محمد اعظم۔ ناشر: صبح روشن پبلشرز، لاہور۔ ملنے کا پتا: مکتبہ اسلامیہ اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۲۸، قیمت: ۸۰ روپے۔[۱۴۰ سے زائد عنوانات کے تحت قرآن و احادیث سے ایسے مختصر واقعات کا انتخاب جو کردار سازی، اچھے اخلاق اور فلاحِ انسانیت کے لیے ترغیب دیتے اور بھلائی کے کاموں کے لیے تحریک دیتے ہیں۔ مؤلف نے ہر عنوان کے تحت پہلے قرآنی آیات مع ترجمہ، اس کے بعد احادیث اور آخر میں اسلامی تاریخ کے معروف واقعات کا ذکر کیا ہے۔ بہتر تھا کہ نام کچھ اور ہوتا۔]

◉ ضیوف الرحمٰن، (اللہ کے مہمان)، مؤلف: پروفیسر فریدون صدیقی۔ ملنے کا پتا: گاؤں وڈاکخانہ گزئی لوئر دیر، فون: ۹۳۰۱۷۴۷-۰۳۰۰۔ صفحات: ۳۶، قیمت: بلامعاوضہ۔[زائرین حج کے لیے ایک مختصر گائیڈ بک جس میں حج کی تیاری اور مناسک حج کے تذکرے کے ساتھ ساتھ خاص طور پر ان عملی مسائل ومشکلات کا ذکر کیا گیا ہے جن کا علم نہ ہونے کی وجہ سے حج حصول ثواب کے بجاے زائرین کے لیے وبال کا سبب بن سکتا ہے۔]

خُرّم مُرادؒ : حیات وخدمات ۱۹۹۷

اس کا نیا ایڈیشن زیرطباعت ہے' کئی نئے مضامین شامل کیے جارہے ہیں۔
آپ کے پاس کوئی یاد' کوئی بات کوئی لوازمہ ہو جو آپ تاریخ کو منتقل کرنا چاہیں'
تو لکھ کر ہمیں بھیجیں۔ ۲۵ اکتوبر تک اس ایڈیشن کے لیے کوئی تجویز ہو' مشورہ ہو تو وہ بھی۔

مسلم سجاد __ سلیم منصور خالد __ حسن صہیب مراد

منشورات منصورہ' ملتان روڈ' لاہور- 54790 manshurat@hotmail.com فون: 042-3543 4909 فیکس: 042-3543 4907